## خودکش حملے، پاکستان کی سلامتی وبقاء کے خلاف گھناؤنی سازش ہیں، الطاف حسین

## خودکش حملوں کا درس دینے والے مذہبی انتہاء پسندوں اوران کے سرپرستوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے

## لاہور میں جامعہ نعیمیہ اورنوشہرہ سپلائی ڈپو کی مسجد میں خودکش حملوں پر الطاف حسین کا اظہار مذمت

لندن۔۔12جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں جامعہ نعیمیہ اورنوشہرہ سپلائی ڈپو کی مسجد میں خودکش حملوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہےاورخودکش حملوں میں جامعہ نعیمیہ کے سربراہ ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی اور مہتمم ڈاکٹر خلیل سمیت متعدد افراد کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ مذہبی انتہاء پسندوں کی جانب سے مساجد پر خودکش حملے، پاکستان کی سلامتی وبقاء کے خلاف گھناؤنی سازش ہیں۔انہوں نے کہا کہ دین اسلام انسانیت کے احترام کا درس دیتا ہے اوراسلام میں خودکشی کو حرام قرار دیا گیا ہے اور مذہبی انتہاء پسند مساجد میں خودکش حملے کرکے بے گناہ نمازیوں کو خاک وخون میں نہلا کر اسلامی تعلیمات کی صریحاً خلاف ورزی کررہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ مساجد میں خودکش حملے کرنے والے درندہ صفت عناصر دین اسلام اورانسانیت کے کھلے دشمن ہیں اورایسے عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ خودکش حملوں کا درس دینے والے مذہبی انتہاء پسندوں اوران کے سرپرستوں کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے اورشہریوں کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔جناب الطاف حسین نے خودکش حملوں میں جامعہ نعیمہ کے سربراہ ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی اور مہتمم ڈاکٹر خلیل سمیت متعدد افراد کی شہادتوں پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے خودکش حملوں میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

## علامہ سرفراز احمد نعیمی کی المناک شہادت اوردہشت گردی کے واقعات پر ملک بھر کے عوام کل بروز ہفتہ یوم سوگ منائیں

## قرآن خوانی کے اجتماعات، کریں اورشہداء کے سوگ میں اپنا کاروبار اوردکانیں بند رکھیں۔الطاف حسین

## بعض مذہبی رہنما اورتجزیہ نگاران خودکش حملوں کی حمایت کررہے ہیں، یہ بھی دہشت گردوں کے جرائم میں برابر کے شریک ہیں

## میں مذہبی انتہاء پسندوں کے بارے میں برسوں سے آگاہ کرتا رہا،مخالفین نے میرا مذاق اڑایا،آج میری ہر بات سچی ثابت ہورہی ہے

## وقت کا تقاضا ہے کہ دہشت گردی کے اس عفریت کے خلاف تمام سچے پاکستانی چاہے ان کا مذہب،کوئی بھی فقہ یا مسلک کوئی بھی کیوں نہ وہ متحد ہوکر احتجاج کریں اب دہشت گردوں کے ہاتھ گلی گلی پہنچ گئے ہیں، دہشت گردوں سے نمٹنے کیلئے عوام کو چاہیے کہ وہ اپنے اپنے علاقوں محلوں، درسگاہوں اورعبادت گاہوں کے تحفظ کیلئے اپنے لشکر ترتیب دیں، ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے حکومت سیاسی ومذہبی رہنماؤں، علماومشائخ کی گول میز کانفرنس کرے۔

## مختلف ٹی وی چینلز کو انٹرویوز

لندن۔۔۔12، جون2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ خودکش حملے میں متحدہ علماء کونسل کے سربراہ اورممتاز دینی اسکالر ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی کی المناک شہادت پاکستان کی تاریخ کا المناک سانحہ ہے، لاہور میں جامعہ نعیمیہ اورنوشہرہ میں جامعہ مسجد میں خودکش حملے کے ذریعے اڑانے کے واقعات کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ علامہ سرفراز نعیمی اور دیگر رہنماؤں اورمعصوم نمازیوں کی المناک شہادت پر کل بروز ہفتہ ملک بھر میں یوم سوگ منائیں اورلاہور میں جامعہ نعیمیہ اورنوشہرہ کی مسجد کو خودکش حملے کے ذریعے اڑانے کے مذموم واقعات کے خلاف اظہار مذمت کے طور پر اپنا کاروبار اوردکانیں بند رکھیں۔مختلف نجی ٹی وی چینلز کو انٹرویو دیتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ جن دہشت گردوں کے حکم پر اورجن دہشت گردوں نے لاہور میں جامعہ نعیمیہ اورنوشہرہ میں جامعہ مسجد پر خودکش حملہ کیا وہ مسلمان تو کجا انسان کہلانے کے بھی مستحق نہیں ہیں۔انہوں نے علامہ ڈاکٹر سرفراز نعیمیؒ شہید کے لواحقین، عقیدت مندوں اورلاہور اورنوشہرہ میں خودکش حملوں میں شہید ہونے والے دیگر شہیدوں کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن آپ کے دکھ اورغم میں برابر کا شریک ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ

جامعہ نعیمیہ میں خودکش حملے، علامہ سرفراز نعیمیؒ اوران کے دیگر احباب کی المناک شہادت اورنوشہرہ کی مسجد کوخودکش حملے کے ذریعے اڑانے کے مذموم واقعات کے سوگ میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کل بروز ہفتہ مورخہ 13، جون 2009ء کوملک بھر میں یوم سوگ منانے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس المناک سانحہ پر پرامن یوم سوگ منائیں، شہداء کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کریں اور شہداء کے سوگ اور دہشت گردی کے واقعات پر اپنا کاروبار بند رکھیں اور صبر وتحمل کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ علامہ سرفراز نعیمیؒ کی المناک شہادت اور لاہور اورنوشہرہ کے خودکش حملوں کے المناک واقعات پر بھی بعض مذہبی رہنما اور تجزیہ نگاران خودکش حملوں اور علمائے حق کے سفاکانہ قتل کی حمایت کررہے ہیں اور دہشت گردی کے واقعات کے پس پردہ کارفرما اصل عناصر سے عوام کی توجہ ہٹانے کی کوشش کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جو مذہبی رہنما اور تجزیہ نگار اوراینکر پرسن ایسا عمل کررہے ہیں وہ بھی سفاک دہشت گردوں کے جرائم میں برابر کے شریک ہیں۔عوام ان عناصر کو اچھی طرح پہچان لیں اوران دہشت گردوں اوران کی حمایت کرنے والوں کے خلاف میدان عمل میں آجائیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ میں دہشت گردی کے واقعات اور مذہبی انتہاء پسندوں کے بڑھتے ہوئے قدم کے بارے میں گزشتہ کئی برسوں سے پاکستان بھر کے عوام کو آگاہ کرتا رہا ہوں مگر افسوس کہ بعض مخالف سیاسی ومذہبی رہنماؤں، تجزیہ نگاروں اورٹی وی کے بعض اینکر پرسن نے مجھ پر تنقید کی، میرے خدشات کا مذاق اڑاتے ہوئے کہا کہ الطاف حسین ہوا کھڑا کررہا ہے اورآج یہی ہوا پورے ملک اور ملک کے عوام کو کھا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ میں نے جن خدشات کی نشاندہی کی تھی وہ اپنے ذاتی مفاد یا پارٹی کے مفاد کیلئے نہیں کی تھی بلکہ ملک وقوم کے مفاد میں کی تھی ،آج میری ایک ایک بات سچی ثابت ہورہی ہے اور پورا ملک آج مذہبی انتہا پسندی اور دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے،خودکش حملے ہورہے ہیں، مسلح افواج ، سیکوریٹی فورسز اور پولیس کے اہلکاروں، علمائے حق اور معصوم شہریوں کو شہید کیا جارہا ہے، آج ملک کے تمام علمائے حق ،مشائخ ، مذہبی ودینی شخصیات کی جانیں اور عبادت گاہیں غیر محفوظ ہیں ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ اب دہشت گردی کے اس عفریت کے خلاف فرداًفرداً آواز بلند کرنے کے بجائے دہشت گردی کے اس تسلسل کے خلاف تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام اور تمام سچے پاکستانی چاہے ان کا فقہ، مسلک یا مذہب کوئی بھی کیوں نہ ہو وہ متحد ہوکر احتجاج کرے۔انہوں نے کہا کہ اب ایک ایک پاکستانی اپنے فقہ، مسلک، مذہب کے امتیاز سے بالاتر ہوکر دہشت گردی کے خلاف متحد ہوجائے ۔ تمام سچے پاکستانیوں کا فرض ہے کہ وہ حکومت ، مسلح افواج اور سیکوریٹی فورسز دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے جو اقدامات کررہی ہے، اس کی حمایت کریں۔اب دہشت گردوں کے ہاتھ گلی گلی پہنچ گئے ہیں، یہ دہشت گرد گولہ بارود سے لیس ہیں اورانہیں بیرونی امداد بھی حاصل ہے لہٰذا ان دہشت گردوں سے نمٹنے کیلئے عوام کو چاہیے کہ وہ صرف حکومت پر ہی تکیہ نہ کریں بلکہ اپنے اپنے علاقوں محلوں، درسگاہوں اور عبادت گاہوں کے تحفظ کیلئے خود بھی اپنے لشکر ترتیب دیں، کمیٹیاں بنائیں، چوکس رہیں اور دہشت گردوں سے نمٹنے کیلئے ہر ممکنہ اقدامات کریں۔انہوں نے کہا کہ کوئی بھی حکومت اور مسلح افواج چاہے اس کے پاس کتنے ہی وسائل کیوں نہ ہوں لیکن بلکہ عوام کی بھی ذمہ داری ہوتی ہے کہ وہ اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے بھی کہا کہ وہ ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے تمام سیاسی ومذہبی رہنماؤں علماء ومشائخ کی گول میز کانفرنس کرے اوران سے رائے لے اور پوری قوم کو اعتماد میں لے۔

## عوام لاہور اورنوشیرہ میں خودکش حملوں کے واقعات میں ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی سمیت متعدد بے گناہ شہریوں کی شہادت پر کل بروز ہفتہ کو پرامن یوم سوگ منائیں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

## دہشت گردوں کے واقعات کے خلاف احتجاجاً اپنا کاروبار بند رکھیں اوراپنے اپنے علاقوں میں شہداء کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد کریں

کراچی۔۔۔12 جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ مذہبی انتہاء پسندوں کے خلاف بھرپور اتحاد کا مظاہر کریں اورخودکش حملوں میں ممتاز مذہبی اسکالر ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی سمیت بے گناہ شہریوں کی شہادتوں پر کل بروز ہفتہ یوم سوگ منائیں۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مذہبی انتہاء پسندوں اور دہشت گردوں نے مذہبی اسکالر ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی کو خودکش حملے میں شہید کرکے ثابت کیا ہے کہ وہ مذہبی انتہاء پسندی کے خلاف صدائے حق بلند کرنے والوں کے خلاف مذموم عزائم رکھتے ہیں لہٰذا مذہبی انتہاء پسندوں اور دہشت گردوں کے خلاف ملک بھر کے حق پرست عوام کا اتحاد ناگزیر ہے۔رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ لاہور اورنوشیرہ میں خودکش حملوں کے واقعات میں ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی سمیت متعدد بے گناہ شہریوں کی شہادت پر کل بروز ہفتہ کو پرامن یوم سوگ منائیں، دہشت گردوں کے واقعات کے خلاف احتجاجاً اپنا کاروبار بند رکھیں اوراپنے اپنے علاقوں میں شہداء کے ایصال ثواب کے لئے قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد کریں۔

## ایم کیوایم کے تحت سانحہ جامعہ نعیمیہ اور سانحہ نوشہرہ پر 13 جون ہفتہ کو کراچی سمیت ملک بھر میں یوم سوگ منایا جائیگا

کراچی۔۔۔12 / جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت سانحہ جامعہ نعیمیہ اور سانحہ نوشہرہ کے سوگ میں کراچی سمیت ملک بھر میں 13 جون بروز ہفتہ یومِ سوگ منا جارہا ہے۔ یوم سوگ کے سلسلے میں سانحہ جامعہ نعیمیہ اور سانحہ نوشہرہ کے شہداء کے ایصال کیلئے ملک بھر میں قرآن خوانی کے اجتماعات منعقد کیئے جائیں گے۔ اس سلسلے کا مرکزی اجتماع ہفتے کی شام 5 بجے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں منعقد کیا جائیگا۔ جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کے علاوہ دیگر ذمہ داران و کارکنان بھی بڑی تعداد میں شرکت کریں گے۔

## شعیب بخاری نے علامہ شاہ تراب الحق قادری اور مفتی منیب الرحمان سے فون پر سانحہ نعیمیہ لاہور پر تعزیت کا اظہار کیا

کراچی۔۔۔12 / جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر شعیب احمد بخاری اور ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج عقیل لودھی نے جمعہ کے روز بریلوی مکتب فکر کے علماء کرام مفتی منیب الرحمان، شاہ تراب الحق سے فون پر سانحہ جامعہ نعیمیہ لاہور میں ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی کی شہادت پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور اپنی جانب سے افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ انہوں نے ان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی کی شہادت ایک بڑا المیہ ہی نہیں ایک قومی سانحہ بھی ہے جس کی جتنی مذمت کی کم ہے۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین، رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کا ایک کارکن ان کے غم میں برابر کا شریک ہے اور ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی کے لواحقین، علماء کرام، ان کے شاگردوں اور عقیدت مندوں سے افسوس اور تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔ انہوں نے اس موقع پر ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی کی درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔ دریں اثناء شعیب بخاری ایڈوکیٹ اور عقیل لودھی نے مولانا راشد قادری، شکیل قادری، محمد سلیم الدین شیخ، محمد محفوظ قادری، علامہ حمزہ علی قادری، یعقوب عطاری اور عبدالحفیظ معرفانی سے بھی فون پر ڈاکٹر سرفراز احمد نعیمی کی شہادت پر افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔ بعد ازاں عقیل لودھی نے صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب اور مولانا فیروز الدین رحمانی کے ہمراہ جمعہ کے روز جامع مسجد گلشن اقبال کا دورہ کیا اور مولانا مفتی رضوان سے مفتی حسن حقانی کے انتقال پر افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جس نظریئے کی فکر وفلسفہ کے ساتھ آبیاری کی ہے وہ آج کروڑوں عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے
## ملک کے نازک ترین حالات میں ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی کی حکومت کو ختم کرنے کیلئے سازشیں کرنے والے عناصر ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں
## اور جمہوری روایات اور اصولوں کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر ایک دن ضرور اپنے عبرتناک انجام سے دوچار ہوں گے
## مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کے موقع پر پیغامات

کراچی۔۔۔12، جون 2009ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے اے پی ایم ایس او کے 31 ویں یوم تاسیس کی زبردست مبارکباد پیش کی ہے اور کہا ہے کہ 31 ویں یوم تاسیس کے موقع پر کراچی سمیت 24 شہروں میں منعقدہ اجتماعات سے بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر انگیز خطاب میں ہی ملک وقوم کی بھلائی مضمر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں اپنے فیکس، فون اور ای میل پیغامات میں کیا۔ پیغامات بھیجنے والوں میں ڈاکٹرز، انجینئرز، وکلاء، سیاسی وسماجی رہنما، علمائے کرام، شعراء، ادیب، اساتذہ، پروفیسرز، صنعتکار، تاجر، فنکار اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد شامل ہے جنہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اے پی ایم ایس او سے متحدہ قومی موومنٹ تک کی برسوں کی جدوجہد کو سراہا اور انہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ بانی وقائد تحریک جناب الطاف حسین نے اپنے خطاب میں انتہاء پسندی اور شدت پسندی کو زہر قاتل قرار دیا ہے لیکن بعض سیاسی ومذہبی جماعتیں اب بھی زمینی حقائق سے منہ موڑ رہی ہیں جس کے باعث ملک کے استحکام کی جنگ مشکلات سے دوچار ہورہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلزپارٹی اور متحدہ قومی موومنٹ کے اتحاد میں سازشوں کے ذریعے دراڑیں ڈالنے والے شکست خوردہ عناصر ہیں اور یہ سازشیں انشاءاللہ ناکام ثابت ہوں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے اے پی ایم ایس او کی بنیاد رکھ کر جس جدوجہد کا آغاز جامعہ کراچی سے کیا تھا وہ اب متحدہ قومی موومنٹ کی شکل اختیار کرچکی ہے اور پاکستان سمیت دنیا بھر میں اب متحدہ قومی موومنٹ کی شاخیں موجود

ہیں جو کہ اس بات کا ثبوت ہے کہ حق پرستی کی تحریک کو سازشوں کے باوجود نہ تو ختم کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی روکا جاسکتا ہے بلکہ حق پرست تحریک کیلئے ایک در بند ہوتا ہے تو کئی در کھل جاتے ہیں اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جس نظریئے کی فکر وفلسفہ کے ساتھ آبیاری کی ہے وہ آج کروڑوں عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ملک کی سیاست میں واحد جماعت ایم کیوایم ہی ہے جس نے بدترین ریاستی آپریشن کا سامنا کیا لیکن ملک وقوم کے خلاف کبھی کوئی انتہائی قدم نہیں اٹھایا اور ظلم وجبر کے حالات کا جواں مردی کے ساتھ سامنا کیا جس سے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے کارکنان کی حب الوطنی کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ملک کے نازک ترین حالات میں ایم کیوایم اور پیپلز پارٹی کی حکومت کو ختم کرنے کیلئے سازشیں کرنے والے عناصر ملک وقوم کے کھلے دشمن ہیں اور جمہوری روایات اور اصولوں کے خلاف سازشیں کرنے والے عناصر ایک دن ضرور اپنے عبرتناک انجام سے دوچار ہوں گے۔انہوں نے اپنے پیغامات میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف سب سے زیادہ مئوثر اور طاقتور آواز قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بلند کی ، کراچی مضافاتی کمیٹی

کراچی۔۔۔12، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی نے کہا ہے کہ ملک جس نازک ترین دور سے گزر رہا ہے اس میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا کردار حب الوطنی پر مشتمل ہے جو سیاسی ومذہبی جماعتیں طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے جناب الطاف حسین کے خدشات کو واویلا قرار دے رہی تھیں اب ان کے چہرے ملک بھر کے عوام کے سامنے ایک مرتبہ پھر بے نقاب ہوچکے ہیں۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم بلوچ، اراکین گل محمد مینگل، ممتاز علی اور ندیم سومرو نے ٹھارو مینگل گوٹھ گڈاپ کے رابطہ آفس میں کارکنان کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سرمایہ دارانہ نظام کے خلاف آواز بلند کی تو ملک پر قابض 2 فیصد استحصالی طبقے نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈا شروع کردیا اور اپنے سیاسی ومذہبی مداریوں کو بھی اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی ہدایت کی یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کی حق پرستی کی جدوجہد جسے دنیا بھر کے باشعور عوام کی جانب سے سراہایا جارہا ہے لیکن نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے خائف ہیں اور اس کے خلاف نت نئی سازشوں میں مصروف رہتیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ طالبانائزیشن کی سازش کے خلاف سب سے زیادہ مئوثر اور طاقتور آواز قائد تحریک جناب الطاف حسین نے بلند کی اور انہوں نے طالبانائزیشن کی سازش کے حوالے سے جن خدشات اور تحفظات کا اظہار کیا تھا وہ طالبان دہشت گردوں کی کراچی سمیت ملک کے مختلف شہروں سے اسلحہ وگولہ بارود سمیت گرفتاریوں سے ثابت ہوچکے ہیں اور جناب الطاف حسین کی مئوثر آواز کو اب دنیا بھر میں ایک مقام مل گیا ہے۔انہوں نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ تحریک کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات اور خطابات کا بغور مطالعہ کریں۔

## پی سی ہوٹل پشاور بم دھماکے میں پی آئی اے کے کیپٹن ایوب ممسا کی شہادت پر لیبر ڈویژن کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔12، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے انچارج واراکین سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی نے پشاور کے پی سی ہوٹل میں ہونے والے بم دھماکے میں پی آئی اے کے کیپٹن ایوب ممسا کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں انہوں نے ایوب ممسا کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12، جون 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 72 کے کارکن عبدالعزیز کے والد عبدالکریم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆